Urdu

# Hjertemagnyl سے علاج

## علاج کے بارے میں مختصراً

ذیابیطس سے دل اور شریانوں کے امراض پیدا ہونے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ یرٹے ماؤنول کے ساتھ علاج خون کے ذرات ( پلیٹلیٹس )کو شریان کی دیوار سے چپکنے یا اکٹھے ہونے کی پیش بندی کرتا ہے۔ یہ خون کی گلٹی بن جانے کے خطرہ کو کم کرتا ہے۔

## یرٹے ماؤنول لینے کا طریقہ

یرٹے ماؤنول ایک چھوٹی گولی ہے جسے ایک گلاس پانی کے ساتھ لینا چاہیے۔ آپ کو روزانہ ۱ گولی لینی چاہئے۔

**ممکنہ ذیلی اثرات**

زیادہ تر لوگ بغیر کسی پریشانی کے یرٹے ماؤنول کے ساتھ علاج کو برداشت کرتے ہیں۔
عمومی ذیلی اثرات یہ ہیں:

- کھٹاس بھرا مواد معدے سے اوپر آنے کا رجحان
- پیٹ میں درد کا رجحان
- خون بہنے کا بڑھتا ہوا رجحان - جیسے نیل پڑجانا

**توجہ رکھیں**

اگر آپ کو دانت نکلوانا پڑے یا بڑا آپریشن کروانے کی ضرورت ہو تو آپ کو یرٹے ماؤنول نہیں لینی چاہیے۔ اپنے ڈاکٹر سے بات کریں کہ آپ نے کیاکرنا ہے۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن 08.00 تا 16.00 بجے ٹیلی فون نمبر 39 68 08 00 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730

September, 2023